21971- سواری کرنے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ

سوال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کون کون سی سواریاں تھیں جن پر سواری کرتے تھے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے ، خچر ، اونٹ ، اورگدھے پر سواری فرمائی ، کبھی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر اور کبھی کاٹھی ڈال کر سوار ہوئے ، بعض اوقات نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے کو دوڑاتے بھی تھے ، اکثر طور پر اکیلے ہی سوار ہوتے اور کبھی اونٹ پر اپنے پیچھے کسی کو بٹھا بھی لیتے تھے ۔

اور کبھی ایسی بھی حالت ہوتی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آگے اور پیچھے بھی کسی بٹھاتے اور خود درمیان میں ہونے تو اس طرح اونٹ پر تین اشخاص بیٹھتے تھے ، اور ان پیچھے بیٹھنے والوں میں مرد بھی تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض بیویاں بھی پیچھے بیٹھنے والوں میں شامل ہیں ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر طور پر سواری یا تو اونٹ تھی اور یا پھر گھوڑا ، اور خچر کے متعلق یہ معروف ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ہی خچر تھا جو کسی بادشاہ نے آپ کو ھدیہ دیا تھا ، اور خچر عرب کی سرزمین پر معروف نہیں تھے بلکہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خچر ھدیہ کیا گیا تو یہ کہا گیا کہ :

کیا ہم گھوڑوں سے گدھوں کی جفتی نہ کروائیں ؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

یہ کام تو وہ لوگ کرتے ہیں جنہیں علم نہیں ہے ۔

دیکھیں سنن ابوداود حدیث نمبر (2565) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے اسے صحیح ابی داود حدیث نمبر (2236) میں صحیح قرار دیا ہے ۔ .